بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

فون نمبر: 061-111-122-133

حوالہ نمبر: AM-1 1671 -1447/s

تاریخ: 07-12-1447
24-05-2026

اہم فیصلے اجلاس ناظمین وامتحانی کمیٹی وفاق المدارس العربیہ پاکستان

منعقدہ 23 ذوالقعدہ 1447ھ مطابق 11 مئی 2026ء

بمقام جامعہ دارالعلوم کراچی، کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی

متوسطہ سال سوم کے عصری مضامین کے اساتذہ کی تدریب:

(1) تدریب کا عمل 15 محرم کے بعد شروع ہوگا۔ آفاق کے ساتھ مشاورت کے بعد تاریخیں حتمی ہوں گی۔

(2) ناظمین اپنے صوبے کے مراکز میں شرکاء کی فہرستوں اور مراکز کا دوبارہ جائزہ لیں گے۔ شرکاء کی فہرست دوبارہ حتمی ہونے کے بعد آفاق والوں کے ساتھ مدربین کی تعداد، مراکز کی فہرست پر دوبارہ مشاورت کی جائے گی۔ ناظمین حسب ضرورت مراکز میں اضافہ کریں گے۔

(3) ہر مدرسہ تدریب میں شرکت کرنے کے لیے اپنے اساتذہ کا سفرخرچ (کرایہ) خود برداشت کرے گا۔ تدریب کے دوران کھانے کا خرچ ''وفاق'' ادا کرے گا۔

نگران عملہ کا بین الصوبائی تبادلہ:

(4) نگران عملہ کا بین الصوبائی و بین الاضلاع تبادلہ بہت مفید ہے۔ امسال ان امتحانی مراکز کی تعداد میں ڈیڑھ گنا اضافہ کیا جائے گا۔

(5) دفتر وفاق بین الصوبائی تبادلہ کی گزشتہ سال کی رپورٹوں کا خلاصہ تیار کرے گا، یہ خلاصہ اجلاس کی کارروائی کا حصہ بنایا جائے گا۔ امتحانی امور سے متعلق آئندہ اجلاس سہ ماہی امتحان کے بعد ہوگا، رپورٹوں کے اس خلاصہ پر بھی اس اجلاس میں غور کیا جائے گا۔

(6) دورانِ امتحان مراکزِ امتحان کے معائنے کا نظم متعلقہ صوبہ کے ناظم مرتب کریں گے۔ اراکین مجلس عاملہ، اراکین امتحانی کمیٹی کے علاوہ ناظمین ایسے زیرک افراد بھی معائنے کے لیے منتخب کریں گے جو امتحانی امور سے وابستہ رہے ہوں اور معائنہ کا تجربہ اور مہارت رکھتے ہوں۔ تاکہ کسی بھی کوتاہی یا بے قاعدگی کی بروقت گرفت کرسکیں۔

(7) ناظمین حضرات اپنے مسئولین کی مشاورت سے معائنے کا نظم طے کریں گے۔ جو کہ خفیہ رکھا جائے گا، البتہ مرکزی دفتر وفاق کو فہرست بھجوائی جائے گی۔ ازخود کوئی معائنہ کے لیے نہیں جائے گا۔ ازخود معائنہ کرنے والوں کو حق الخدمت یا سفرخرچ ادا نہیں کیا جائے گا۔

(8) جس درجے تک مدرسہ/جامعہ کا الحاق ہوگا، اس درجے تک وفاق کے امتحان میں نگرانی کے لیے تجربہ کار اساتذہ دینا لازم ہوگا۔

(9) معائنہ کار اور نگران عملہ کی صحیح معنوں میں تدریب کی جائے گی، تدریب کا نظم ناظمین کریں گے۔ نیز مدارس سے گزارش کی جائے کہ وہ وفاق کی خدمت کے لیے اپنے اساتذہ کی ذہن سازی کرکے بھیجیں کہ وہ پوری دیانت داری اور مستعدی کے ساتھ مفوضہ امور انجام دیں تاکہ وہ اپنے ادارے کی بدنامی کا باعث نہ ہو۔

(10) معائنہ کار کے فرائض واختیارات متعین کیے جائیں گے۔ تاکہ معائنہ کار اور نگران اعلیٰ کے مابین اختیارات کا تصادم نہ ہو۔ ناظمین اس پر غور فرما کر آئندہ اجلاس میں اپنی تجاویز پیش کریں گے۔

(11) معائنہ کار کے لیے الگ امتحانی فائل مرتب کی جائے گی۔ جس میں معائنہ کار کے اپنے کوائف ہوں اور جن امتحانی مراکز کا معائنہ ان کے ذمہ ہو، ان مراکز کے کوائف بھی ہوں۔

(جاری ہے)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حوالہ نمبر: AM-1 1672 -1447/s

تاریخ: 07-12-1447
24-05-2026

(12) حل شدہ جوابی کاپیوں کا بنڈل امتحانی مرکز کے ذمہ داران کے حوالے نہ کیا جائے بلکہ نگران اعلیٰ خود یا معتمد کے ذریعے دفتر وفاق کو براہ راست ارسال کرے۔اسی طرح امتحانی فائل مقامی مسئول کے حوالے کرنے کی بجائے دفتر وفاق کو براہ راست بھجوائی جائے۔

(13) امتحان سے متعلق جن امور کے بارے میں طلبہ کی تربیت مقصود ہو،حضرت مولانا عبدالغفار صاحب مدظلہم ان کے بارے میں تجاویز مرتب کر کے آئندہ اجلاس میں پیش کریں گے۔نیز مدارس کو خط لکھا جائے کہ اپنے ہاں سہ ماہی اور شش ماہی امتحان کا نظم جاری رکھیں اور طلبہ کی عمومی تربیت کے ساتھ ساتھ امتحانی امور سے متعلق تربیت پر بھی بھرپور توجہ دیں۔

ضمنی امتحان میں شرکت کا ضابطہ:

(14) ضمنی امتحان میں داخلے کے وقت متعلقہ مدرسہ/جامعہ اپنے ہر طالب علم کے پرچوں کی نشاندہی کرے گا کہ اس نے کون کون سا پرچہ دینا ہے۔اس کے بعد پہلے پرچے کے نمبر کالعدم شمار ہوں گے۔دفتر وفاق اس مقصد کے لیے ڈیٹا بیس میں مطلوبہ تبدیلی کرے گا۔

متوسطہ کے پرچوں کی ترتیب:

(15) متوسطہ سال سوم میں معاشرتی علوم،بہشتی گوہر اور سیرت رسول کا ایک پرچہ ہوگا،جس میں معاشرتی علوم کے دو سوال اور تیسرے سوال میں بہشتی گوہر اور سیرت رسول کا ایک ایک جز ہوگا۔ہر جز کو حل کرنا لازم ہوگا۔جبکہ باقی تمام کتابوں کا الگ الگ مستقل پرچہ ہوگا۔

(16) وفاق نے متوسطہ سال اول و دوم کا عصری نصاب مرتب کیا ہے۔حضرت مولانا امداد اللہ صاحب اور حضرت مولانا راحت علی ہاشمی صاحب متوسطہ سال اول و دوم کا عصری نصاب امسال حتمی فرمائیں۔سال 1449ھ سے متوسطہ سال اول کا امتحان وفاق کے تحت ہوگا،اس کی ابھی سے تشہیر کی جائے گی۔

(17) **سالانہ امتحان 1448ھ مطابق 2027ء کی تاریخیں:**

تاریخ امتحان تحتانی درجات:(متوسطہ،تجوید،دراسات،ثانویہ عامہ،ثانویہ خاصہ سال اول،ثانویہ خاصہ سال دوم)

24 تا 29 رجب المرجب 1448ھ مطابق 2 تا 7 جنوری 2027ء بروز ہفتہ تا جمعرات

تاریخ امتحان فوقانی درجات:(عالیہ سال اول،عالیہ سال دوم،عالمیہ سال اول،عالمیہ سال دوم)

یکم تا 6 شعبان المعظم 1448ھ مطابق 9 تا 14 جنوری 2027ء بروز ہفتہ تا جمعرات

عبدالمجید

ناظم مرکزی دفتر

وفاق المدارس العربیہ پاکستان